صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

مباحثات

بروز سوموار مورخہ 30 نومبر 2015ء

(بمطابق 17 صفر 1437ء ہجری)

جلد 15 | شمارہ 73

سرکاری رپورٹ

مندرجات	صفحہ نمبر
1۔ تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ	2972
2۔ نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات	2973
3۔ غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات	2997
4۔ اراکین کی رخصت	2999
5۔ توجہ دلاؤ نوٹس ہا	2999
6۔ مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا بورڈ آف انویسمنٹ اینڈ ٹریڈ مجریہ 2015ء کا زیر غور لایا جانا	3006
7۔ مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا بورڈ آف انویسمنٹ اینڈ ٹریڈ مجریہ 2015ء پاس کیا جانا	3007
8۔ مجلس قائمہ برائے محکمہ خزانہ کی رپورٹ کی مدت میں توسیع	3007
9۔ مجلس قائمہ برائے محکمہ خزانہ کی رپورٹ کا پیش کیا جانا	3007

10۔ مجلس قائمہ برائے محکمہ پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ کی رپورٹ کی مدت میں توسیع	3008
11۔ مجلس قائمہ برائے محکمہ پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ کی رپورٹ کا پیش کیا جانا	3008

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 30 نومبر 2015ء بمطابق 17 صفر 1437 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پینتیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

وَمَن لَّمۡ يَسۡتَطِعۡ مِنكُمۡ طَوۡلاً أَن يَنكِحَ ٱلۡمُحۡصَنَـٰتِ ٱلۡمُؤۡمِنَـٰتِ فَمِن مَّا مَلَكَتۡ أَيۡمَـٰنُكُم مِّن فَتَيَـٰتِكُمُ ٱلۡمُؤۡمِنَـٰتِ ۚ وَٱللَّهُ أَعۡلَمُ بِإِيمَـٰنِكُم ۚ بَعۡضُكُم مِّنۢ بَعۡضٍ ۚ فَٱنكِحُوهُنَّ بِإِذۡنِ أَهۡلِهِنَّ وَءَاتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ بِٱلۡمَعۡرُوفِ مُحۡصَنَـٰتٍ غَيۡرَ مُسَـٰفِحَـٰتٍ وَلَا مُتَّخِذَٰتِ أَخۡدَانٍ ۚ فَإِذَآ أُحۡصِنَّ فَإِنۡ أَتَيۡنَ بِفَـٰحِشَةٍ فَعَلَيۡهِنَّ نِصۡفُ مَا عَلَى ٱلۡمُحۡصَنَـٰتِ مِنَ ٱلۡعَذَابِ ۚ ذَٰلِكَ لِمَنۡ خَشِىَ ٱلۡعَنَتَ مِنكُمۡ ۚ وَأَن تَصۡبِرُواْ خَيۡرٌ لَّكُمۡ ۗ وَٱللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۔

(ترجمہ): اور جو شخص تم میں سے مومن آزاد عورتوں (یعنی بیبیوں) سے نکاح کرنے کا مقدور نہ رکھے تو مومن لونڈیوں میں ہی جو تمہارے قبضے میں آگئی ہوں (نکاح کرلے) اور خدا تمہارے ایمان کو اچھی طرح جانتا ہے تم آپس میں ایک دوسرے کے ہم جنس ہو تو ان لونڈیوں کے ساتھ ان کے مالکوں سے

اجازت حاصل کر کے نکاح کر لو اور دستور کے مطابق ان کا مہر بھی ادا کر دو بشرطیکہ عفیفہ ہوں نہ ایسی کہ کھلم کھلا بدکاری کریں اور نہ درپردہ دوستی کرنا چاہیں پھر اگر نکاح میں آ کر بدکاری کا ارتکاب کر بیٹھیں تو جو سزا آزاد عورتوں (یعنی بیبیوں) کیلئے ہے اس کی آدھی ان کو (دی جائے) یہ (لونڈی کے ساتھ نکاح کرنے کی) اجازت اس شخص کو ہے جسے گناہ کر بیٹھنے کا اندیشہ ہو اور اگر صبر کرو تو یہ تمہارے لئے بہت اچھا ہے اور خدا بخشنے والا مہربان ہے۔ و آخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: مفتی سید جانان، 2485۔

* 2485 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے صوبے کے مختلف اضلاع میں نئے سرکاری کالج بنائے ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) حکومت نے کن اضلاع میں کہاں پر نئے کالج بنائے ہیں، اسکی تفصیل فراہم کی جائے;

(ii) نئے کالج بنانے کی حکومتی پالیسی بیان کی جائے;

(iii) آیا حکومت دوآبہ تحصیل ٹل میں کالج بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): (الف)   موجودہ حکومت نے صوبے کے مختلف اضلاع میں نئے سرکاری کالجز بنانے کی منظوری دی ہے۔

(ب) (i)   موجودہ حکومت نے 9 اضلاع میں 12 کالجز بنانے کی منظوری دی ہے جو کہ نوشہرہ، پشاور، مردان، ایبٹ آباد، صوابی، کرک، دیر اپر، دیر لوئر اور کوہاٹ میں قائم کئے جائیں گے۔

(ii)   صوبے میں نئے کالجز بنانے کی حکومتی پالیسی ضمیمہ (الف) پر موجود ہے جو ایوان کو فراہم کی گئی ہے۔

(iii)   تحصیل ٹل میں دو سرکاری کالجز ایک لڑکوں کیلئے اور ایک لڑکیوں کیلئے پہلے سے موجود ہیں۔ جن میں طلباء اور طالبات کی تعداد بہت کم ہے۔ لہذا تحصیل ٹل میں کسی اور کالج کے قیام کی فی الحال ضرورت نہیں ہے۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! ما ته کوم جواب راکړے دے، د جواب نه خوزه مطمئن يم خوزه منسټر صاحب ته دا گزارش کوم چې د هنگو ضلعې په سوؤنو خلق-----

جناب سپیکر: اگر اردو میں بولیں تو مہربانی ہوگی۔

مفتی سید جانان: اچھا، میں منسٹر صاحب سے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں، مجھے جو جواب دیا گیا ہے اس سے تو میں مطمئن ہوں لیکن یہیں پر ایک بات لکھی گئی ہے کہ ٹل کالج میں طلباء کی تعداد کم ہے۔ وہی جو مسئلہ

ہے وہ آرمی کے اندر، آرمی جو کینٹ ایریا ہے، اس میں ہے، اس میں طلباء تو میرے خیال میں نہیں، وہ بہت کم لوگ وہی پر جاسکتے ہیں تو منسٹر صاحب سے یہ گزارش ہے کہ اگر آئندہ سال یا کسی اور وقت میں مناسب سمجھیں، دوآبہ ہماری سب تحصیل ہے، بہت بڑی آبادی پر مشتمل ہے، آٹھ نو یونین کونسلوں کے لوگ وہاں آتے جاتے ہیں، اگر شامل کر لیں آئندہ اے ڈی پی میں، تو یہ ایک درخواست ہے سر۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری، شاہ حسین۔

جناب شاہ حسین خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب! میری منسٹر صاحب سے گزارش ہے کہ الائی میں 2012 میں ایک کالج منظور ہوا تھا تو اس پر ابھی تک کوئی کام شروع نہیں ہوسکا ہے، نہ زمین خریدی گئی ہے، نہ کوئی اس پر کام شروع ہوا ہے تو اگر منسٹر صاحب یہ بتادیں کہ یہ ریکارڈ کیا ہے تو مہربانی ہوگی؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب۔ سپلیمنٹری، منور خان۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو سر۔ میں سر، منسٹر صاحب سے یہ ذرا اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ سر! یہ جو انہوں نے اضلاع کے نام دیئے ہوئے ہیں جن میں ایبٹ آباد، صوابی، کرک، دیر، یہ 2015-2016 کی اے ڈی پی میں ہیں جس میں لکی کا ذکر نہیں ہے یا یہ کوئی دوسری اے ڈی پی ہے؟ ذرا اس کی وضاحت کریں۔ تھینک یو، سر۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب، پلیز۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔ مفتی جانان صاحب نے جو کالج کا مطالبہ کیا ہے، ہم اس کو ضرور دیکھیں گے لیکن مفتی صاحب! صورتحال یہ ہے جناب کہ بوائز کالج میں وہاں 142 سٹوڈنٹس ہیں ٹوٹل اور گرلز کالج میں 124 سٹوڈنٹس ہیں، تو ابھی وہاں پر اگر ہم مزید کالج کھول دیتے ہیں تو مشکل ہوگا۔ وہاں پر چونکہ تعداد نہیں ہے اس علاقے میں زیادہ سٹوڈنٹس کی اور اس کیلئے ہمارا ایک Criteria ہے کہ اتنے فیڈرل انسٹی ٹیوشنز ہونے چاہئیں، گورنمنٹ کالجز، سکول ہونے چاہئیں، اس کی بنیاد پر پھر ہم کالج کی وہاں پر منظوری دیتے ہیں لیکن آپ نے جیسا حکم ارشاد کیا، ہم اس پر ان شاء اللہ ضرور غور کریں گے۔ جو الائی کا شاہ حسین صاحب نے ذکر کیا ہے، اس کا پی سی ون پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کے اندر ہم نے بھیج دیا ہوا ہے اور ان شاء اللہ اس کو میں Pursue کرونگا اور جلد ہی

کوشش کریں گے کہ آپ کا یہ مسئلہ حل ہو جائے اور جو منور حسین صاحب نے Point raise کیا ہے، یہ پچھلے سال کی اے ڈی پی ہے، اس سال کی جو ہے وہ اس میں شامل نہیں ہے۔

جناب سپیکر: منور خان، منور خان۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: منور صاحب اور شاہ حسین اور منور خان ذرا۔۔۔۔

جناب سپیکر: مفتی سید جانان، 2500۔

* 2500 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبے کے مختلف کالجوں میں طلباء کو لانے اور لے جانے کیلئے کالج کی گاڑیاں استعمال کی جاتی ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ بعض کالجوں میں گاڑیاں ہیں مگر ناقابل استعمال ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2008 سے تاحال صوبے کے جن جن کالجوں میں طلباء کو لانے اور لیجانے کیلئے گاڑیاں خریدی گئیں، انکی تعداد کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز جن کالجوں میں گاڑیاں موجود ہیں مگر قابل استعمال نہیں ہیں، ان کی تعداد بھی فراہم کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں، صرف طالبات کو لانے اور لیجانے کیلئے کالج کی گاڑیاں استعمال کی جاتی ہیں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) سال 08-2007 میں 18 گاڑیاں، 09-2008 میں 14 گاڑیاں، 10-2009 میں 13 گاڑیاں جبکہ 12-2011 میں 8 گاڑیاں مختلف کالجوں کیلئے خریدی گئیں، جبکہ 6 گاڑیاں مندرجہ ذیل کالجوں میں ناقابل استعمال ہیں:

1 گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج صوابی۔

2 گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج سیدو شریف۔

3 گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج درگئی۔

4 گورنمنٹ گرلز کالج گلشن رحمان پشاور۔

5 گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج چارسدہ۔

6 کلابٹ ٹاؤن شپ کالج ہری پور۔

مفتی سید جانان: یہاں پر جی میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ 08-2007 میں سیریل نمبر 13 ہنگو اور 2009-10 میں سیریل نمبر 7 باقی اضلاع کا تو مجھے صحیح معلومات نہیں لیکن یہ چونکہ میرا علاقہ ہے، میری تحصیل ہے اور ایک ضلع ہے، یہیں پر کوئی گاڑی نہیں ہے، اگر گاڑی ہے تو وہ کالج میں بالکل کھڑی ہے، کوئی اس میں طالبعلم نہ لے جاتے ہیں اور نہ لے آتے ہیں تو پچھلے دنوں بھی تحصیل ٹل کا ایک وفد میرے پاس آیا تھا، انہوں نے کہہ دیا کہ ہماری بچیاں ہیں اور بچے ہیں، بہت مسائل ہیں، تو اس وجہ سے انہوں نے مجھے کہہ دیا کہ آپ منسٹر صاحب سے گزارش کریں یا ہمیں کسی سے ملوائیں کہ ہمارا جو مسئلہ ہے، یہ حل ہو جائے۔ منسٹر صاحب، یہ دو جگہیں میں نے بتا دیں، ایک سیریل نمبر 13 اور ایک 7 میرے خیال میں بہت سے ساتھی یہاں پر تشریف فرما ہیں، وہ بھی بتائیں گے اپنے اضلاع کے، لیکن یہ میرے ضلع کی جو بات ہے، یہ دو گاڑیاں جو ہیں بالکل اس میں کوئی کام نہیں، یہ ویسے کہ جس طرح خریدی گئی ہیں، اسی طرح کھڑی ہیں ہنگو میں اور ٹل کالج میں ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب، آپ کو ایک ریکویسٹ یہ ہے کہ آپ تھوڑا Campaign بھی چلائیں کہ وہاں بچیوں کو اور بچوں کو آپ جو ہیں نا کالج میں، اس کی طرف راغب کریں تاکہ وہاں کی تعلیم کے لئے ۔۔۔۔

مفتی سید جانان: سر! اگر آپ استاد نہیں چھوڑتے ہیں تو یہ ڈگری کالج ہے ٹل میں، آپ اس سے پوچھ لیں میرے خیال میں یا تین اساتذہ ہونگے یا چار ہونگے یا پانچ ہونگے تو وہ بچیاں کہاں سے آجائیں سر؟ میں تو زیادہ تفصیل میں نہیں جاتا ہوں۔

جناب سپیکر: یہ آپ اس پر بھی کوئسچن لائیں تاکہ ہم ڈیپارٹمنٹ سے پوچھ سکیں کہ اس حوالے سے کیا ایشوز ہیں، کیا مسئلے ہیں۔ سپلیمنٹری، شاہ حسین۔

جناب شاہ حسین خان: سر! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ منسٹر صاحب یہ بتا دیں کہ بٹگرام کالج میں کتنی گاڑیاں ہیں اور آیا وہ گاڑیاں بٹگرام کے کالج کے طلباء کیلئے کافی ہیں یا نہیں؟

جناب سپیکر: رشاد خان، سپلیمنٹری۔

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر! جو ناقابل استعمال گاڑیاں ہیں چھ، الپوری ڈگری کالج میں ایک بس ہے جو بالکل ناقابل استعمال ہے کافی عرصے سے، وہاں پر ایک پک اپ تھی جو طالبانائزیشن دور میں وہ اپنے ساتھ لے گئے، منسٹر صاحب سے میں نے ریکویسٹ کی تھی کہ یا ان کو گاڑی واگزار کرائی جائے یا جو پک اپ

بس ہے، وہ قابل استعمال بنائی جائے۔ ایک تو یہ ہے کہ Question and answer میں غلط بیانی بھی کی گئی ہے، چونکہ اس میں الپوری کالج کا نام ہونا چاہیئے تھا چھ میں۔ سات ماہ کی وہ ناقابل استعمال گاڑی ہے۔ دوسرا یہ ہے کہ منسٹر صاحب اگر بتائیں کہ جو ناقابل استعمال گاڑی ہے، اس کو بنانے کیلئے کوئی حکمت عملی یا کوئی پروگرام ان کا ہے، جو پک اپ اب تک غائب ہے، اس کے لئے ڈیپارٹمنٹ کا کیا وہ پروگرام ہے؟

<u>جناب سپیکر:</u> شیراز خان، سپلیمنٹری۔

<u>جناب محمد شیراز:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میرا اس پر ضمنی کوئسچن ہے سر! کہ 08-2007 سے لیکر 12-2011 تک محکمے نے ہر سال مختلف کیٹگریز میں گاڑیاں خریدی ہیں لیکن اس کے باوجود، یہ کوئسچن جز (ج) ہے، اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ 12-2011 کے بعد کوئی گاڑی نہیں خریدی گئی، آیا موجودہ حکومت جو ہے، بڑے افسوس کی بات ہے کہ تعلیم کی طرف بہت توجہ دے رہی ہے لیکن جن کالجوں میں یہ گاڑیاں ناکارہ ہیں، یہ کب تک خریدی جائیں گی؟ آیا ان تین سالوں میں 13-2012 اور 14-2013 اور 2014-15 اور 16-2015 میں کیوں گاڑیاں خریدی نہیں گئیں، آیا ضرورت نہیں تھی؟

<u>جناب سپیکر:</u> مشتاق غنی صاحب، پلیز۔

<u>معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم:</u> جناب سپیکر! تھینک یو ویری مچ۔ یہ جو کوئسچن ہے، اس میں یہ تھا کہ ناکارہ گاڑیاں جو کہ قابل استعمال گاڑیاں نہیں ہیں، وہ کون کونسے کالجوں میں ہیں اور وہ ہم نے چھ Colleges identify کر دیئے، یہ گاڑیاں ناقابل استعمال ہیں، اگر کوئی گاڑی کھڑی ہے کسی جگہ پر، کسی اور وجہ سے تو وہ قابل استعمال ہو گی اور کالج جب ضرورت سمجھے گا تو اس کو استعمال میں لے آئے گا لیکن یہ چھ گاڑیاں جو ہیں یا سات یہ وہ ہیں کہ جو پچھلے ایک دور میں، ایم ایم اے کے دور میں یہ کوئی پولیس کے ٹرک تھے اور ان کے اوپر باڈیاں بنا کے سیٹیں لگا کے کالجوں کو دے دیئے گئے جو کہ قابل استعمال اس وقت بھی نہیں تھے اور آج بھی نہیں ہیں اور ان کو اب آکشن کر کے ہم نکالیں گے۔ اس کے علاوہ جو شیراز خان نے کہا ہے، یہ Transport facilities ہم زیادہ گرلز کالجز کو Provide کرتے ہیں کہ ان کے، اور Maximum کالجوں میں ہماری موجود ہے اور جہاں نہیں ہیں وہ بھی ہم Provide کر دینگے اور میرے حساب سے جہاں بھی ضرورت ہے، جہاں سے بھی ہمیں ڈیمانڈ آئی ہے، وہ ہم نے پوری کی ہے اور اس کے علاوہ ہم گرلز کالجز کو سٹاف کیلئے HIACE Provide کر رہے ہیں۔ پچھلے سال بھی ہم نے تیس چالیس HIACE Provide کی تھیں Different Girls Colleges کو، اور اب بھی ہمارے پاس پچاس

کے قریب گاڑیاں کھڑی ہیں، ہم نے Buy کرلی ہیں، Different Colleges کی ڈیمانڈ ہمارے پاس موجود ہے، اگلے چند دنوں میں ہم ان کو یہ Provide کر دیں گے۔ باقی بٹگرام کالج کا شاہ حسین صاحب نے پوچھا تو وہ کوئسچن مجھے بھیج دیں فریش، ہم پتہ کرلیں گے کہ وہاں ٹرانسپورٹ کی کیا صورتحال ہے، ان کے پاس کتنی گاڑیاں ہیں یا نہیں ہیں؟ اوراس کے مطابق ہم جواب دیں گے۔

جناب سپیکر: نیکسٹ، میڈم ثوبیہ شاہد، 2486-----

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: نوابزادہ صاحب! سپلیمنٹری؟

نوابزادہ ولی محمد خان: سپلیمنٹری۔

جناب سپیکر: جی۔

نوابزادہ ولی محمد خان: تھینک یو۔ جناب! ہمارے جو شاہ حسین خان نے بات کی ہے کہ یہ رہ بٹگرام کالج میں کتنی بسیں ہیں، یہ تو گورنمنٹ کالج، جو بوائز کالج ہے اس میں ایک بس ہے لیکن ہمارے کالج والوں نے جو گرلز کالج ہے، وہ پورے سال سے ڈیمانڈ کر رہے ہیں کہ یہ رہ یہاں پر کوئی گاڑی نہیں ہے اور وہاں پر گاڑی کا اس طرح مسئلہ ہے کہ کالج میں ٹوٹل میرے خیال میں بیس پندرہ بچے ہیں جو نزدیک گاؤں سے آتے ہیں، اس میں ہوتے ہیں، ان کو گاڑی کی بہت سخت ضرورت ہے، اس وجہ سے کوئی کالج میں نہیں آ رہا تو میں جناب منسٹر صاحب سے جناب سپیکر! آپ کی وساطت سے التماس کر رہا ہوں کہ اس کالج کو گورنمنٹ گرلز کالج جو ہے، اس کیلئے اگر گاڑی مل جائے تو ان کی بہت مہربانی ہوگی۔

جناب سپیکر: مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب! میرے خیال میں میرے ساتھی نے بہت تفصیلی باتیں کی ہیں، میں زیادہ تفصیل نہیں بتانا چاہتا ہوں لیکن منسٹر صاحب سے یہ گزارش ہے کہ منسٹر صاحب! جب گاڑی خریدی گئی ہے تو اس کے کھڑی ہونے کا کیا فائدہ ہے؟ دو جگہیں میں آپ کو بتا دیتا ہوں کہ تحصیل ٹل میں جو کالج اور ضلع ہنگو میں جو کالج ہے، شاہ فیصل خان بھی تشریف فرما ہیں، اس میں وہ کوئی استعمال نہیں ہو رہی ہے، اگر آپ نے یہ گاڑی وہیں کھڑی کرنے کیلئے خریدی ہے تو وہ ایک اور بات ہے، اگر بچوں کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے خریدی ہے، وہ اور بات ہے۔ میری گزارش آپ سے یہ ہے کہ یہ سٹینڈنگ کمیٹی میں جائے،

آپ کو بھی صحیح صورتحال معلوم ہو جائے گی، ہمیں بھی اور سارے ممبران کو صحیح صورتحال معلوم ہو جائے گی، یہ گزارش ہے آپ سے۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! بات بڑی واضح اور کلیئر ہے، ہر کالج کی اپنی ایڈمنسٹریشن ہے اور ہمارے ایم پی ایز بھی وہاں پر موجود ہیں ہر علاقے میں۔ جہاں پر بسیں Provide کر دی گئی ہیں اور بسیں وہاں پر کھڑی ہیں اور استعمال نہیں ہو رہیں تو شاید وہ استعمال کی ان کو ضرورت ہی نہیں پیش آ رہی ہوگی، تب وہ ضرورت ہوگی تو استعمال کر رہے ہیں ورنہ تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ استعمال نہ کریں اور Sometime یہ بسیں Daily transportation کیلئے استعمال نہیں ہوتیں، ٹوورز کیلئے بچیاں استعمال کر لیتی ہیں لیکن اگر کوئی ایسی چیز ہے تو یہ سٹینڈنگ کمیٹی کا ایشو نہیں ہے، میرا اور آپ کا ایشو ہے، آپ مجھے کہیں تو میں آپ کے ساتھ ابھی بیٹھ جاؤنگا اور میں کالج میں بات کرونگا، میرا سٹاف یہاں پر موجود ہے۔ اور آپ کی اطلاع کیلئے کہ آپ کے ہنگو اور ٹل کو ہم نے ایک ایک HIACE already provide کر دی ہے سٹاف کیلئے اور اور بھی اگر کوئی ضرورت ہو تو، یہ آپ کو ہو گئی ہے اور اپوری کو ہم اس فنانشل ایئر میں Provide کر رہے ہیں HIACE فیمیل سٹاف کیلئے۔

جناب سپیکر: مشتاق صاحب! ابھی بریک میں آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں، آپ کے ڈیپارٹمنٹ کے لوگ بیٹھے ہیں تاکہ یہ ان کا جو ایشو ہے، یہ Properly جو ہے نا ایڈریس ہو۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: بالکل۔

Mr. Speaker: Next, Madam Sobia Shahid, 2486, lapsed. Next 2487, Madam Sobia Shahid, lapsed. Next 2488, Madam Sobia Shahid, lapsed. Next 2501, Madam Sobia Shahid, lapsed. Next 2517, Mr. Salih Muhammad Sahib!

* 2517 _ جناب صالح محمد: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت ہر سال سرکاری سکولوں کے ہونہار طلبہ ہفتم میں حکومتی اخراجات پر اچھے سکولوں میں داخلے دلوا کر انٹرمیڈیٹ لیول تک اخراجات برداشت کرتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 15-2014 کے دوران کتنے بچوں اور بچیوں کو کہاں اور کس بنیاد پر داخلے کس Criteria کے تحت دلوائے گئے ہیں، ضلع وائز تفصیلات فراہم کی جائیں؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) سال 15-2014 کے دوران 97 بچے اور بچیوں کو مختلف سکولوں میں داخلے دلوائے گئے ہیں، ان کی تفصیل ضلع وائز بمعہ طریقہ / پالیسی ایوان کو فراہم کر دی گئی۔

جناب صالح محمد: شکریہ جناب سپیکر۔ کوسچن نمبر 2517 ہے۔ جناب سپیکر! یہ جو محکمے نے اعداد و شمار دیئے ہیں، یہ تو اپنی جگہ پر لیکن یہ جو ایٹا کے ذریعے جو پچھلے سال بھی تین ہزار پانچ سو بچوں کا ٹیسٹ یہاں پہ پشاور میں لیا گیا تھا تو جناب سپیکر، میری گزارش ہے کہ جس طرح یہ چترال کے بچے اگر یہاں پر پہنچتے ہیں پشاور، چترال کے، کوہستان کے، دیر کے، لکی مروت، ڈی آئی خان تو وہاں کے بچوں کو یہاں پہ آنا پڑتا ہے پشاور، یہ جو امتحان ہے، یہ اگر یہاں کی بجائے ڈویژن وائز، بہتر تو یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ وائز اگر لیا جائے، اگر ڈسٹرکٹ وائز نہیں ہو سکتا، اگر ڈویژن وائز بھی لیا جاتا ہے، چونکہ جناب سپیکر! جب وہاں چترال سے اگر کوئی ایک بچہ یہاں پر پہنچتا ہے یا شانگلہ، کوہستان سے پہنچتا ہے یا ڈی آئی خان سے تو پانچ ہزار سے لے کر دس ہزار تک اس کا خرچہ ہو جاتا ہے اور تین دن اس کے آنے جانے اور یہاں پہ ایک دن، تین دن اس کے وہ ضائع ہو جاتے ہیں، بچہ اکیلا نہیں آ سکتا، اس کے ساتھ ایک دو بندے بھی ہوں گے، تو جناب سپیکر! ایک تو یہ ہے کہ اگر ہر تحصیل سے جسطرح 97 بچے پچھلے سال لیے تھے، اگر ہر تحصیل سے ایک بچی اور ایک بچہ لیا جائے ہر تحصیل سے اور ڈویژن وائز وہاں پہ Exam ہو تو یہ بچوں کیلئے بھی ذرا آسانی ہو گی اور دوسری بات یہ ہے جناب سپیکر! کہ یہ چترال کا بچہ یا کوہستان کا جو درخت کے نیچے بیٹھا ہوتا ہے، وہاں پہ تعلیم حاصل کرتا ہے اور وہ یہاں پشاور کے بچے کا مقابلہ بھی نہیں کر سکتا ہے، ایک تو ان کی حق تلفی بھی ہو جاتی ہے، چونکہ منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں تو میری یہ گزارش ہے کہ جناب سپیکر! اس کیلئے ہر تحصیل سے ایک بچہ، ایک بچی میرے خیال میں 100 کے قریب میرے خیال میں یہ بچے جو 97 بچے لیے تھے پچھلے سال تو اس میں اگر ایک بچہ، ایک بچی کو ایک تحصیل سے لیا جائے اور ڈویژن وائز اس کو کیا جائے تو ایک تو جناب سپیکر! یہ جو پشاور آنا ساڑھے تین ہزار بچوں کا، پھر ان کے ساتھ تین تین، یعنی دس ہزار کے لگ بھگ لوگ جب ایک سکول میں یہاں پہ جمع ہو جاتے ہیں، یہاں کے حالات بھی اتنے اچھے نہیں ہیں، دہشت گردی کے حوالے سے بھی، خطرہ بھی موجود ہے، تو اس لئے میری یہی گزارش ہے کہ اس کو جتنا جلدی ہو سکے آنے والا جو Exam ہو، وہ تحصیل وائز اور تحصیل سے ایک بچہ، ایک بچی ہو اور دوسرا یہ ہے کہ ڈویژن وائز ہو جائے تو اس میں ذرا سہولت بھی ہو جائے گی بچیوں کیلئے بھی اور پھر ان کی حق تلفی بھی نہیں ہو گی کہ چترال کا بچہ چونکہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ، صالح محمد صاحب۔ سپلیمنٹری، شاہ حسین۔

جناب شاہ حسین خان: جی اؤ، زما جی دا ضمنی سوال دے چې یو هلک چې د بټګرام وی یا د مانسهرې وی، هغه دا ټیسټ پاس کړی نو پکار ده چې هغه په ایبټ آباد کښې داخل شی او چې د جنوبی اضلاع یو ماشوم دا امتحان پاس کړی نو پکار دے چې درانی پبلک سکول کښې په بنوں کښې داخل شی۔ د پیښور یا د دې وسطی اضلاع چې هلکان امتحان پاس کړی دا ماشومان نو پکار ده چې هغوی په پیښور کښې وی او په دې نیزدې ځائینو کښې اخلی چې د خپل خپل ډویژن هیډکوارټرو ئے چې کوم کوم سکولونه دوئ Mention کړی دی چې په دې کښې د دا ماشومان لولی، نو دا چې دے په هغه خپلو خپلو ډویژنو کښې ماشومان سبق اووائی، د دې باره کښې منسټر صاحب څه وائی؟

جناب سپیکر: رشاد خان، رشاد خان، سپلیمنٹری۔

جناب محمد رشاد خان: سپیکر صاحب! یہ تو بہت اچھا پروگرام ہے، Talented بچے جو ہیں وہ سامنے آجاتے ہیں، ان کو کوالٹی ایجوکیشن بھی مہیا ہو جاتی ہے۔ اس میں سر، یہ جو پالیسی بیان کی گئی ہے جس میں وہ کلاز 3 پر آ رہا ہے Backward areas کیلئے 7 سیٹیں ہیں، 7 اضلاع ہیں، 7 سیٹیں ہیں۔ اس میں سر، شانگلہ نہیں ہے، شانگلہ، حالانکہ وہ Backward area بھی ہے اور اسمیں ایسے اضلاع شامل ہیں جہاں پہ یہ سیٹیں دی جارہی ہیں پسماندگی کی بنیاد پر تو اس میں میڈیکل کالجز بھی موجود ہیں، یہاں پہ میڈیکل کالج نہیں ہے، وہاں پہ یونیورسٹی بھی ہے تو میرا کوسچن یہ ہے کہ ایسا کوئی ارادہ ہے حکومت کا کہ اس کو Revise کیا جائے ذرا پسماندگی کی بنیاد پر؟

جناب سپیکر: عاطف خان، ایجوکیشن منسٹر۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): یہ تو ڈیٹیلز ساری دی ہوئی ہیں جو انہوں نے مانگی تھیں، باقی ان کی Suggestions ہیں کہ کس طریقے سے اس کو کیا جائے؟ تو ان کی Suggestions کو بالکل ہم اس پہ لے آتے ہیں، Consider کر لیتے ہیں، تو اگر ہو سکتا ہے تو اچھی بات ہے، مطلب اگر کوئی یہ کہہ رہا ہے کہ ایک ضلع کا ہے، لیکن بہر حال پروگرام اچھا پروگرام ہے، پہلے سے چل رہا ہے، 97 بچے ہیں یہ سرکاری سکولوں کے جو بچے ہوتے ہیں، ان سے ٹیسٹ لیا جاتا ہے اور ان کو صوبے کے جو اچھے بہترین ادارے ہیں، ان کو ان میں پڑھایا جاتا ہے اور سارا حکومت ان کا وہ خرچہ برداشت کرتی ہے، تو سکیم اچھی

ہے، صرف یہ ہے کہ اگر ضلع کے حساب سے کہہ رہے ہیں کہ اس ضلع کے وہاں پڑھائے جائیں یا اس ضلع کے وہاں پڑھائے جائیں تو اس پہ غور کر لیتے ہیں، کوئی ممانعت نہیں ہے بلکہ یہ جب سوال آیا ہے تو میں یہ بھی سوچ رہا تھا کہ اس کی تقریباً کوئی پانچ کروڑ روپے لاگت ہے سالانہ کیونکہ یہ ہر سال 97,97,97 اس طرح بچے آتے رہتے ہیں تو میں یہ سوچ رہا تھا کہ اس کو ان شاء اللہ ہم کوشش کرینگے کہ اگر اس کو ڈبل کر سکتے ہیں تاکہ سرکاری سکولوں میں جو بچے پڑھتے ہیں، ان کو جو اچھے انسٹی ٹیوشنز ہیں، ان میں پڑھنے کا زیادہ سے زیادہ موقع ملے تو ان کی Suggestions پہ غور کر لیتے ہیں Practically تو بالکل کر لینگے۔

Mr. Speaker: Next 2518, Madam Meraj Humayun.

* 2518 _ Madam Meraj Humayun: Will the Minister for Elementary and Secondary Education be pleased to state that:

(a) Is it true that in addition to the regular and formal schools the Department is also managing, the Maktab Schools where children are enrolled;

(b) If yes, then please provide district-wise detail of enrollment in each Maktab School and budget allocation for it?

Mr. Muhammad Atif (Minister for Elementary and Secondary Education): (a) Yes.

(b) Detail of Maktab Schools with enrolment list distirct-wise given bellow (List of Maktab Schools attached). There is no specific budget for Maktab Schools and only a teacher who gets salary from the government.

S.No.	District	Enrolment	S.No.	District	Enrolment
01	Peshawar	2144	14	Batagram	966
02	Charsadda	Nil	15	Torghar	1392
03	Swabo	1013	16	Mansehra	300
04	Nowshera	Nil	17	Abbottabad	6984
05	Mardan	636	18	Haripur	Nil
06	Malakand	173	19	Kohat	158
07	Dir (L)	2436	20	Karak	115
08	Dir (U)	4505	21	Bannu	1297
09	Chitral	4909	22	Lakki	2510
10	Swat	2786	23	Tank	250
11	Shangla	1756	24	Hangu	60
12	Buner	602	25	D.I.Khan	2985
13	Kohistan	164			
				Total:	**38141**

محترمه معراج همایون خان: شکریه سپیکر صاحب۔ دا کوئسچن نمبر 2518، دا ما جی د ډیپارټمنټ ایلیمنټری ایجوکیشن نه مې کړے وو منسټر صاحب نه، Is it true that in addition to the regular and formal schools the department is also managing, the maktab schools where children are enrolled? هغه جواب خو Yes راغلے دے ، بیا ما تفصیل غوښتے دے چې دا کوم کوم ځائې کښې دی خو زما مقصد د دې دا وو جی، سپلیمنټری اوګنړئ،سپلیمنټری هغه زما دا وو چې دا مکتب سکولز کومې پالیسئ د لاندې دی او دا څه سپیشل سکولز دی، د دې Curriculum څه دے ، دا په کومې پالیسئ لاندې دا شروع شوی دی؟ او بیا چې لسټ تاسو اوګورئ نو څه ځائې کښې زرګونو کښې دی، لکه ایبټ آباد کښې دی 6984 او په چارسده کښېNil دے ،نوښار کښېNil دے ،هری پور کښې Nil دے او دغه شان څه ځائې کښې چې دې نو 60 دی، هنګو کښې اوس صرف 60 دی، کوهستان کښې164 دی نو دا په کومه طریقه باندې دوئ کهلاؤوی او څنګه کهلاؤوی او د دې مقصد څه دے د دې مکتب سکولز؟ تهینک یو، سر۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب۔ مفتی فضل غفور، سپلیمنٹری۔

مولانا مفتی فضل غفور: سپیکر صاحب، ستاسو په وساطت سره منسټر صاحب نه دا ګزارش کوم، د دې سره Related چې زمونږ ضلع بونیر کښې څومره مکتب سکولز دی، د هغې بندش شوے دے ، هغه بند شوی دی، هغوی وائی چې مونږ ته د صوبائی حکومت د طرف نه پالیسی راغلې ده چې تاسو دا سکولونه ختم کړئ او په هغه ځائې کښې د غرونو په څوکو کښې دا مکتب سکولونه وو چې هلته پرائمری سکولز نشته دے نو ډیر داسې خلق راغلل، ما ته جرګې راغللې او هغوی اووئیل چې زمونږ بچی مونږ پرائمری سکول ته ځکه نه شو لیږلې چې تقریباً سوله ستره کلومیټر فاصله کښې زمونږ نه په پهاړی علاقه کښې پرائمری سکول دے نو زمونږ هغه بچی بې تعلیمه پاتې شو نو که دوئ لږ په دې باندې هم رڼرا ورواچوی نو مهربانی به وی جی۔

جناب سپیکر: عاطف خان، عاطف خان۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی جی، سردار حسین صاحب، سپلیمنٹری۔

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ زما ضمنی کوئسچن هم د مولانا صاحب سره تړلے دے۔ زه به دا تپوس د منسټر صاحب نه اوکړم چې د اندازې مطابق چې کومه په علم کښې راغلې ده چې په ټوله صوبه کښې ایک هزار غالباً مکتب سکولونه چې دی دا بند شوی دی، فکرز به منسټر صاحب اووائی سپیکر صاحب! دا مکتب سکولونه په لرې پرتو علاقو کښې د دې د پاره وو چې دا کوم ډیر زیات ماشومان کچی کچی ماشومان وی د پلے ګروپ والا چې د هغوی نه پرائمری سکول لرې به وو، دا هغوی ته یو Facility وه چې بلډنګ به حکومت نه جوړولو خو په جماعت کښې یا ډیرو ځایونو کښې، لږ ځایونو کښې بیا په Rent باندې به وو، یو ټیچر به ورته Provide وو خو دومره وه چې هغه د پلے ګروپ په شکل کښې به هغه Grooming کیدو چې ماشوم به دومره شی چې هلته به بیا نیزدې سکول ته د تلو شو نو د هغې غرض د پاره دا مکتب سکولونه چې دی، دا کهلاؤ وو نو که منسټر صاحب د دا خبره اوکړی چې دا مکتب سکولونه ولې تاسو بند کړل، دا خو ډیر ضروری دی؟ نو مهربانی به وی۔

جناب سپیکر: عاطف خان۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، زمایو ضمنی سوال دے۔

راجہ فیصل زمان: سر، ایک منٹ، میں ایک بات کرنا چاہتا ہے۔

جناب سپیکر: عاطف خان، اس کے بعد چونکہ اس سے بھول جائے گا اگر اور کوئسچنز ہوں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: اگر مجھے بولنے کا موقع دے دیں تو آپ ساروں کے کوئسچنز Clear ہو جائینگے، مجھے پتہ ہے کہ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی، آپ اس کو موقع دیں پلیز، عاطف خان پلیز۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جی، First of all تو یہ ایک پوچھ رہے ہیں، میڈم پوچھ رہی ہیں کہ جی یہ ان کا Curriculum کیا ہے یا یہ کیسے قائم ہوئے؟ ہسٹری اس کی یہ ہے کہ یہ ضیاء الحق صاحب کے دور میں شروع ہوئے تھے، یہ مسجد میں یا وہاں پہ کمیونٹی ان کو جگہ دیتی تھی، ایک کمرہ دیتی تھی اور وہاں کے جو امام صاحب ہوتے تھے، ان کو تھوڑی سی سیلری دے کے یہ اس کو چلاتے تھے۔ اس کے بعد سے یہ سلسلہ

چل رہا تھا جگہ جگہ، جہاں پہ جگہ Available ہوتی ہے، مسجد میں ایک کمرہ، Maximum ایک کمرہ ہی ہوتا ہے، اس میں پھر عام جو ہمارے سکول کے ٹیچرز ہوتے ہیں، وہیں ٹرانسفر ہوتے ہیں، اس کا نہ کوئی Curriculum الگ ہے، نہ اس کا کوئی ٹیچر الگ ہے، مطلب ایک پرائمری سے وہیں مکتب میں بھی ٹرانسفر ہو سکتا ہے، وہاں سے پھر یہاں ٹرانسفر ہو سکتا ہے، اس کا سب کچھ، جو عام ریگولر سکول ہے، وہی ہوتا ہے، صرف ان کا مسجد میں ایک کمرہ ہوتا ہے لیکن اس کا ابھی جو دوسرا مرحلہ ہے جو کافی میرے خیال Space میں ممبران صاحبان یہ کہیں گے کہ جی ہماری جگہ پہ بند ہو گئے ہیں، Closure کا اس کا پروگرام اس طرح تھا کہ یہ حکومت کی ایک سکیم ہے Conversion of Maktab Schools into Regular Schools یہ ہے، Basically مطلب اس میں مکتب کا یہ مقصد نہیں ہے کہ کوئی اور Curriculum ہے اور کچھ ہے، صرف لوکیشن اس کی مسجد میں ہوتی تھی تو حکومت نے یہ پلان کیا کہ اس کو اگر ریگولر سکولز بنایا جائے جس طرح باقی پرائمری سکول ہوتے ہیں، دو کمروں کے پانچ کمروں کے، تو 100 سکولز اے ڈی پی میں ہیں، وہ ہر سال 100، 100 سکولز کو ریگولر سکولز میں Convert کرتے رہتے ہیں اور یہ مکتب سکول اس حساب سے بند ہوتے ہیں اور ریگولر سکولز میں چینجز ہوتی رہتی ہیں، یہ ہے Basic concept اس کا جو انہوں نے کہا کہ بند ہوئے ہیں، قریبی سکول جہاں پہ Available ہے، ڈیڑھ کلومیٹر کے اندر اندر جہاں پہ قریبی سکول Available ہے تو وہاں پہ اس کو بند کر دیا گیا ہے لیکن میں آپ کو، سب کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ جہاں پہ ڈیڑھ کلومیٹر کے اندر سکول نہیں ہے اور وہاں پہ انرولمنٹ ہے، اس سکول کو نہیں بند کیا جائے گا۔ جب تک وہاں پہ نیا سکول نہیں کھلتا، اس وقت تک ان مکتب سکولوں کو جو بھی جہاں پہ، دو شرائط ہیں، نمبر ایک کہ اگر ڈیڑھ کلومیٹر میں اس کے ساتھ کوئی ریگولر سکول اور ہے تو پھر تو اس کو بند کر کے اس میں Merge کر دیا جائے گا لیکن اگر نہیں ہے تو بھی نہیں بند کیا جائے گا اور اگر اس میں اتنی انرولمنٹ ہے تو بھی یا تو وہاں نیا سکول بنے گا، نہیں تو جب تک نیا سکول نہیں بنے گا، اس وقت تک یہ مکتب سکول وہاں پہ چلتا رہے گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> میڈم، میڈم معراج ہمایون، ایک منٹ، میڈم بات کر لیں تو اس کے بعد، ایک منٹ، اس کے بعد دیتے ہیں اس پہ، جی میڈم۔

<u>محترمہ معراج ہمایون خان:</u> شکریہ، د منسٹر صاحب هم ډیره شکریه، منسټر صاحب بنه تفصیلي جواب را کړو او زه د دې نه مطمئن ووم خو صرف ما دا وئیل چې دوئ

هغه پالیسی کومه استعمالوی نو ایبټ آباد اوس Develop یو ډسټرکټ دے، هغې کښې چھ هزار نو سو چوراسی لا اوسه پورې دی، ورسره جخته مانسهره ده نو هغې کښې تین سو دی نو مطلب شاید د مانسهره هغه، Thank you very much۔

جناب سپیکر: راجہ فیصل، راجہ فیصل، سپلیمنٹری۔

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: راجہ فیصل، راجہ فیصل ایک منٹ، راجہ فیصل۔

راجہ فیصل زمان: سر، میں صرف منسٹر صاحب کی بات سے مطمئن ہوں، انہوں نے جو بات کہی ہے لیکن میں صرف منسٹر صاحب کو یہ بتانا چاہتا ہوں، یہ ہری پور کے آگے Nil لکھا ہے، یہ بالکل غلط ہے، آپ کی وہاں انرولمنٹ ہے اور آپ کو یہ جواب غلط دیا گیا ہے کیونکہ پھر ادھر سر اگر Nil ہے تو پھر اس کا مطلب یہ ہے کہ میرے حلقے میں کوئی مکتب سکول ہے ہی نہیں، تو پھر آپ میرے حلقے میں مکتب سکول بنائیں گے بھی نہیں، اس کو Convert بھی نہیں کرینگے، یہ فگر غلط ہے، آپ اس کو Assess کر لیجئے، یہ فگر غلط ہے۔ میرا مقصد آپ کو بتانا ہے۔

جناب سپیکر: سردار حسین، ایک منٹ، اکبر حیات کبھی بولا نہیں، چلو اکبر حیات، سپلیمنٹری، اکبر حیات۔ سردار حسین! اس کے بعد آپ بات کر لیں۔

ارباب اکبر حیات: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! د منسټر صاحب دې خبرې سره اتفاق نه کوم۔ دوئ دا وائی چې دا د ضیاءالحق صاحب په دور کښې او په مسجد کښې چې کوم دے نو یو استاد به وو، هغه به ورته دغه کول۔ زما په خپله حلقه کښې یو کلے دے گهړی عمران، په هغې کښې این جی او جی کهلاؤ کړے دے یو دوه کمرې او هغې کښې استاد دے، هغه هلته دغه کوی، تعلیم ورله ورکوی۔ هغې باره کښې بیا ما اے ډی او صاحب ته اووئیل چې یره دا انرولمنټ ډیره زیات دے او تاسو داسې اوکړئ چې یو ایډیشنل روم د پاره مونږ ته دغه اوکړئ، هغوی وئیل چې نه مونږ دیکښې ایډیشنل روم نه شو دغه کولې ځکه چې دا مکتب په نوم باندې دغه شوے دے، نو آیا دا این جی اوز چې کوم دغه کړی دی، دا په کومه کهاته کښې بیا راغلل؟ په دې خو مونږ نه پوهیږو۔

جناب سپیکر: سردار حسین، سردار حسین، ایک منٹ، چونکہ وہ ایجوکیشن منسٹر رہے ہیں تاکہ اس کی کوئی۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! څنګه چې منسټر صاحب خبره اوکړه، حقیقت دا دے چې دا پروګرام ډیر وختی شروع شوے دے او دا پروګرام ډیر ښه پروګرام وو، په دې حواله باندې چې انرولمنټ کښې د دې په وجه باندې ډیره زیاته اضافه چې ده هغه روانه ده او Dropout کښې هم کمے راغلے دے ځکه چې Accessibility نه وی نو ظاهره خبره ده Dropout کښې اضافه راځی، انرولمنټ کښې کمے راځی او بیا د دې نه نه زه انکار کولے شمه، نه منسټر صاحب انکار کولے شی چې د حکومت وسائل هغه دومره نه دی چې د آبادئ د تناسب په حواله باندې څومره Accessibility پکار ده چې هغه مونږ ورکړو او بیا منسټر صاحب دا خبره کوی چې مونږ به دا سکولونه Convert کوؤ، دا سکیم مونږ شروع کړے دے په خپل حکومت کښې، منسټر صاحب به هم دا خبره اوکړی خو مونږ کله به چې یو سکول تیار شو پرائمری او هغه به سینکشن شو، هغه به فنکشنل شو نو بیا به مونږ هلته که نیزدې یو مکتب سکول وو، هغه به مونږ بند کړو۔ اوس دې حکومت په دوه نیم کاله کښې دا ټول ممبران صاحبان به شاید چې ماسره ملګرتیا اوکړی چې په دوه نیم کاله کښې یو پرائمری سکول لا نه دې جوړ شوے، یو پرائمری سکول، او ما ایک هزار نه سیوا مکتب سکولونه چې دی دا ما بند کړل، نو سوال دا دے چې دا ایک هزار سکولونه، مونږ په کوم رفتار باندې سکولونه جوړوؤ، زمونږ وسائل کم دی، زما خپله اندازه دا ده چې ایک هزار سکولونه مونږ په راروانو پینتیس کالو کښې نشو جوړولے نو چې نن مونږ په دې سټیج باندې ایک هزار سکولونه بندکړل نو نن چې کوم فګرز منسټر صاحب ښودلی دی، مونږ دا ریکویسټ کوؤ، مونږ دا ریکویسټ کوؤ منسټر صاحب ته چې دا د Conversion دا کوم سکیم چې روان دے، دا د روان وی؟ ښه پکار دے چې روان وی خو په دې سټیج باندې چې زمونږ سکول تیار نه دے، زمونږ سکول سینکشن نه دے، زمونږ سکول فنکشنل نه دے او زه ایک هزار سکولونه بندومه نو زما دا خیال دے چې Dropout کښې به اضافه راځی، انرولمنټ کښې به کمے راځی، لهذا زما به دا ګزارش وی چې په دې مسئله باندې حکومت سوچ اوکړی او دا خپله فیصله واپس واخلی۔

جناب سپیکر: عاطف خان، ایک منٹ یہ عاطف خان وہ کر دیں تاکہ اس، عاطف خان Explain کر لیں پلیز، اسکے بعد آپ بولینگے نا جی، نلوٹھا صاحب آپ کو سمجھ آ گئی ہے؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی ایک بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: چلو، نلوٹھا صاحب سپلیمنٹری کریں، جی جی، ایک منٹ، یہ طریقے سے ہوتا ہے نا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، میں ٹائم نہیں ضائع کرنا چاہتا، یہ جتنے ممبران اسمبلی اس ایوان میں بیٹھے ہیں، مکتب سکول ختم ہونے کی وجہ سے ہم سب کیلئے بڑا عذاب بن گیا ہے، چھوٹے چھوٹے بچے ہیں سر، اور اس میں حکومت کا خرچ کیا ہوتا ہے، صرف ایک ٹیچر ہوتا ہے، نہ وہاں پہ کلاس فور ہوتا ہے نہ کوئی بلڈنگ کیلئے پیسے دینے پڑتے ہیں حکومت کو، میرے خیال کے مطابق ان چھوٹے چھوٹے بچوں کو ڈسٹرب نہ کیا جائے، جو سکولز Already چل رہے ہیں، ہاں جہاں پہ انرولمنٹ نہیں ہے، بچے نہیں ہیں تو انہیں ضرور بند کیا جائے لیکن جو چھوٹے چھوٹے بچے ہیں، وہ کلومیٹر، دو کلومیٹر انہیں کدھر کوئی لے کر جائے گا؟ منسٹر صاحب اگر مہربانی کریں تو ان سب سکولوں کو بحال کریں۔

جناب سپیکر: جی جی، عاطف خان!

صاحبزادہ ثناء اللہ: جناب سپیکر! میں پانچ مرتبہ اٹھا ہوں لیکن آپ نے مجھے موقع نہیں دیا۔

جناب سپیکر: ایک منٹ، دیکھو وہ جو پوائنٹس ہیں، وہ سب نے بتا دیئے تو کوئی بات تو آپ نہیں کریں گے، اس کو تو Explain کرنے دیں نا جی، بات کر لیں عاطف خان، اس کے بعد آپ۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب! سارے وہی بات کر رہے ہیں اور میں اس کا وہی جواب دے رہا ہوں کہ جہاں پہ اگر سکول بنے گا نیا، تب وہ بند ہوگا۔ اگر سکول نیا نہیں بنے گا اور وہاں پہ انرولمنٹ ہے تو میں یہ Policy statement دے رہا ہوں کہ وہ سکول نہیں بند ہوگا۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

اراکین: نہ سکولز بند ہیں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم تو وہی میں کہہ رہا ہوں کہ وہ نہیں بند ہوگا، اگر وہ بند ہے، اس کو کھول دیا جائے گا۔ میں آپ کو یہی کہہ رہا ہوں۔

(شور)

جناب سپیکر: اچھا، اس طرح ہے کہ مفتی فضل غفور صاحب نے اس کے اوپر نوٹس دیا ہے، میں ہاؤس سے پوچھتا ہوں، اس کے اوپر Detailed discussion چاہتے ہیں؟

اراکین: جی ہاں، چاہتے ہیں۔

جناب سپیکر: Detailed discussion تو میں اس کو پورا ایجنڈے میں ڈالتا ہوں، اس پہ پوری Detailed discussion کرتے ہیں تاکہ پورا ہاؤس اس پہ ڈسکشن کرلے۔ جی Next میڈم معراج ہمایون، 2519۔

* 2519 _ محترمہ معراج ہمایون خان: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) موجودہ حکومت نے صوبہ کے سرکاری سکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے 8.5 بلین روپے ایجوکیشن سیکٹر ڈیویلپمنٹ پلان میں سے مختص کئے ہیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ بنیادی سہولیات کی فراہمی کے پروگرام کی تشہیر مختلف اخبارات میں کی جارہی ہے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ پروگرام میں کونسی بنیادی سہولیات کی فراہمی شامل ہے، اس کی تفصیل فراہم کی جائے;

(ii) مذکورہ پروگرام کے تحت بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کی نشاندہی کا طریقہ کار کیا ہے، نیز اب تک مذکورہ پروگرام میں کتنی رقم خرچ کی گئی ہے، اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے;

(iii) اشتہاری مہم پر خرچ ہونے والی رقم کہاں سے ادا کی جاتی ہے، نیز اب تک اشتہاری مہم پر کتنے اخراجات آئے ہیں، اس کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) اس ضمن میں عرض ہے کہ محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم خیبر پختونخوا نے Conditional grant کے تحت غیر موجود سہولیات Missing facilities کی فراہمی کیلئے ترقیاتی اور Regular budget 2014-15 کی مد میں کل 9.86 بلین روپے Release کر چکے ہیں۔ اس ضمن میں مزید عرض کی جاتی ہے کہ کل 9.86 بلین روپے میں 3.660 billion regular budget, (current budget) سے اور 6.2 billion روپے ترقیاتی بجٹ سے Release کئے جا چکے ہیں۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) (i) مذکورہ پروگرام کے تحت جن بنیادی سہولیات کی فراہمی شامل ہے، ان میں بجلی و پانی کی ترسیل، گروپ لیٹرینو کی تعمیر، چاردیواری کی تعمیر و مرمت اور اضافی کمرہ جات کی تعمیر اور شمسی توانائی کی فراہمی شامل ہیں۔

(ii) عدم دستیابی کی نشاندہی ضلعی تعلیمی دفاتر کی طرف سے فراہم شدہ پروفارما جو کہ سکول ہیڈ ٹیچر، پی ٹی سی چیئرمین اور سرکل افسران کی تصدیق شدہ معلومات کے ذریعے کی جاتی ہے، مذکورہ پروگرام کے تحت 9.86 بلین روپے خرچ کئے جارہے ہیں۔

(iii) مذکورہ پروگرام کی اشتہاری مہم کیلئے رقم محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کے ریگولر بجٹ سے ادا کی جاتی ہے جو کہ اسمبلی سے پاس شدہ ہے، اب تک اس اشتہاری مہم پر 77 لاکھ 46 ہزار 772 روپے خرچ کئے جا چکے ہیں۔ تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئی ہیں۔

